خطبات سواتی (جلد دوم)

حضرت مولانا صوفی عبد الحمید سواتی دامت برکاتہم کے دروس اور خطبات اب ملک کے دینی و علمی حلقوں میں کسی تعارف کے محتاج نہیں رہے اور ہزاروں علماء و طلبہ ان سے استفادہ کر رہے ہیں۔

زیر نظر مجموعہ "خطبات سواتی جلد دوم" ہے جس میں محرم الحرام' صحابہؓ اور اہل بیت سے عقیدت' رضائے الٰہی کے حاملین' امت کی مرکزی جماعتیں' آخرت میں ناکامی کے اسباب' اسلام کا نظام عفت و عصمت' اجتماعیت کی ضرورت و اہمیت' عقل معاش اور معاد' قرآن کریم سے اعراض کا نتیجہ' تقویٰ اور اس کے تقاضے' عید الفطر اور عید الاضحیٰ جیسے اہم موضوعات پر حضرت صوفی صاحب مد ظلہ کے گراں قدر خطبات شامل ہیں۔ صفحات ۴۲۶' کتابت و طباعت عمدہ' مضبوط جلد' قیمت ۱۱۰ روپے اور ملنے کا پتہ مکتبہ دروس القرآن فاروق گنج گوجرانوالہ

ماہ فضل و کمال

جامعہ قاسم العلوم فقیروالی ضلع بہاولنگر کے بانی حضرت مولانا فضل محمد نور اللہ مرقدہ ملک کے بزرگ علماء میں سے تھے' جنہوں نے دینی تعلیمات کے فروغ اور عام مسلمانوں کے عقائد و اصلاح کے لیے سلف صالحین" کی طرز پر خلوص اور سادگی کے ساتھ محنت کی اور وہ بلا شبہ اپنے عظیم اکابر کا نمونہ تھے۔ جناب شاہ ابن مسعود قریشی نے اس مرد درویش کے حالات زندگی اور دیگر ضروری متعلقات کو اس مجموعہ میں پیش کیا ہے۔ اس کے صفحات پانچ سو سے زائد ہیں اور قیمت ایک سو پچھتر روپے ہے جبکہ اسے القاسم اکیڈمی ۲۸۵ جی ٹی روڈ باغبان پورہ لاہور سے طلب کیا جا سکتا ہے۔

چودہ میزائیل

مولانا منظور احمد چنیوٹی تحریک ختم نبوت کے سرگرم راہ نماؤں میں سے ہیں اور ان کی ساری زندگی فتنہ قادیانیت کے تعاقب میں گزری ہے' انہوں نے مختلف مراحل پر قادیانیت کے بارے میں موثر کتابچے تحریر فرمائے جو قادیانیت کے دجل و فریب کو بے نقاب کرنے کا